اہل حدیث میں مختلف جماعتیں کون حق پر؟

تحریر: شیخ مقبول احمد سلفی حفظہ اللہ

اسلامک دعوۃ سنٹر، مسرہ۔طائف

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اہل حدیث میں مختلف جماعتیں کون حق پر؟

لوگوں کے ذہن ودماغ میں آج کل یہ شبہ ڈالا جاتاہے کہ اہل حدیث میں بھی مختلف جماعتیں ہیں،اس لئے یہاں سوال پیدا ہوتاہے کہ اہل حدیث کی کون سی جماعت حق پر ہے ؟

اس بات کو سمجھنے کے لئے پہلے یہ جاننا ہوگا کہ اہل حدیث کسے کہتے ہیں اوران کی کیا پہچان ہے ؟

اہل حدیث قرآن وحدیث پہ عمل کرنے والے کو کہتے ہیں یعنی اسلاف کی فہم کو سامنے رکھتے ہوئے قرآن و حدیث کی روشنی میں دین محمدی کی حقیقی شکل پیش کرتے ہیں،اس میں شخصیت پرستی یاذاتیات کا کوئی دخل نہیں جو قرآن وحدیث سے ثابت ہو اسے مان لینے والا اہل الحدیث ہے چاہے وہ کسی روزگار سے جڑاہو، کسی دینی نشریاتی ادارے جڑاہو یا کسی جماعتی تنظیم سے وابستہ ہو۔اصل چیز ہے اس کا منہج۔

اسی لئے اہل حدیث کو مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے مثلا سلفی، محمدی، اہل السنہ ،اثری اور طائفہ منصورہ وغیرہ۔

اہل حدیث جماعت قرآن وحدیث کی روشنی میں دین محمدی کی سچی تصویر عوام کے سامنے پیش کرنے کے لئے مختلف محاذ پہ دینی کام کرتی ہے۔

دین محمدی کی سچی تصویر پیش کرنے کا سب سے مضبوط ذریعہ مدارس ہیں جہاں سے علماء وفضلاء نکل کر پھر نئے نئے ذرائع سے دین محمدی کی اصل صورت پیش کرتے ہیں۔

جماعتی تنظیمیں جو مختلف علاقوں میں مختلف ناموں سے بنائی جاتی ہیں،یہی اہل مدارس ان تنظیموں کے ذریعہ عوام الناس کو طرح طرح کے وسائل اپناکر دین محمدی سے روشناس کراتے ہیں۔یہ تنظیمیں جس قدر پھیلی

ہوں گی اسی قدر دین کی نشرواشاعت بھی ہو گی۔

لہذا جماعت کی مختلف تنظیموں سے اہل حدیث کی فعالیت اوران کی سر گرمیوں کا پتہ چلتا ہے۔ہندوستان میں جمعیت اہل حدیث کے نام سے جماعتی تنظیم چلتی ہے،پورے ہندوستان میں اس کا جال بچھا ہے۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ اہل حدیث جماعت ہندوستان کی پوری عوام کو صحیح دین سے روشناس کرارہی ہے، تبھی تو آج دن بدن عوام اس جماعت کی طرف توجہ بڑھاتی جارہی ہے۔اس جمعیت کے علاوہ اہل حدیث کی کچھ دوسری جمعیت اور تنظیم بھی ہیں،ان کا بھی مشن اور منہج وہی ہے جو مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند کا ہے،تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ جیسے کہا جاتا ہے جتنے مدرسے ہوں گے اتنی تعلیم بڑھے گی ویسے ہی جتنی مذہبی تنظیم ہو گی عوام اتنا فائدہ اٹھائے گی۔

یہاں ایک بات واضح رہے کہ اگر کوئی مذہبی تنظیم قرآن وحدیث کی راہ سے ہٹی ہوئی ہے یا وہ قرآن و حدیث کے نام پہ تقلید پرستی یا شخصیت پرستی پھیلاتی ہے یا پھر قرآن وحدیث کی تعلیم سلف صالحین کی فہم کی روشنی میں نہیں پیش کرتی تو وہ اہل حدیث، سلفی، محمدی،اہل السنہ،اثری اور طائفہ منصورہ سے ہٹی ہوئی تنظیم ہے۔

****

نوٹ :اسے خود بھی پڑھیں اوردوسروں کو بھی شیئر کریں۔

مزید دینی مسائل،جدید موضوعات اور فقہی سوالات کی جانکاری کے لئے وزٹ کریں۔

Maqubool Ahmed Maquboolahmad.blogspot.com
SheikhMaqubool AhmedFatawa islamiceducon@gmail.com
Online fatawa salafia Maqbool Ahmed salafi 00966531437827

24 October 2020